# HPV سے تحفظ کی ویکسینیشن

کیچ اپ HPV ویکسینیشن کے لئے اہل افراد اور والدین کے لئے معلومات

## لارا برینن HPV کیچ اپ ویکسینیشن پروگرام کے بارے میں

دسمبر 2022 میں وزیر صحت نے کیچ اپ HPV ویکسینیشن پروگرام کا اعلان کیا۔ اس پروگرام کا نام لارا برینن کے نام پر رکھا گیا تھا جنہوں نے HPV ویکسینیشن کی انتھک حمایت کی اور مارچ 2019 میں سرویکل کینسر کے باعث وفات پائی۔ HSE اہل والدین کو کیچ اپ HPV ویکسینیشن لگوانے کا ایک **یک وقتی** موقع فراہم کر رہا ہے۔ ویکسین محفوظ، مؤثر اور مفت ہے۔ یہ صرف 2023 کے اختتام تک دستیاب ہے۔

## اس کتابچے کے متعلق

یہ کتابچہ والدین، طلبہ اور HPV کیچ اپ ویکسینیشن وصول کرنے کے اہل افراد کے لئے ہے۔ ہمیں امید ہے کہ والدین اور طلبہ اسے اکٹھے پڑھیں گے۔

HSE ویکسینیشن ٹیمیں درج ذیل کے لئے کیچ اپ HPV ویکسینز پیش کر رہی ہیں:

- سیکنڈری اسکول کے طلبہ - لڑکیاں اور لڑکے دونوں - جنہوں نے ابھی تک HPV ویکسین نہیں لگوائی ہے:
  - سیکنڈری اسکول، ہوم اسکول یا اسپیشل اسکول کے دوسرے (2) تک چھٹے (6) سال کی لڑکیاں
  - سیکنڈری اسکول، ہوم اسکول یا اسپیشل اسکول کے دوسرے (2) تک چھٹے (6) سال کے لڑکے

- وہ تمام خواتین جنہوں نے ثانوی سطح کی تعلیم چھوڑ دی ہے اور ویکسینیشن کی تاریخ پر ان کی عمر 25 سال سے کم ہے، بشرطیکہ انہوں نے پہلے ویکسین نہ لگوائی ہو

- وہ تمام مرد جنہوں نے ثانوی سطح کی تعلیم چھوڑ دی ہے اور ویکسینیشن کی تاریخ پر ان کی عمر 22 سال سے کم ہے، بشرطیکہ انہوں نے پہلے ویکسین نہ لگوائی ہو۔

**(نوٹ: 25 سال سے کم عمر غیر ویکسین یافتہ بین الاقوامی طالبات اور 22 سال سے کم عمر غیر ویکسین یافتہ بین الاقوامی مرد طلبہ جو صحت کی خدمات وصول کرنے کے مقصد سے آئرلینڈ میں بالعموم رہائش* رکھتے ہیں، وہ بھی کیچ اپ پروگرام کے تحت HPV ویکسینیشن کے اہل ہیں)۔**

- پناہ گزین اور آئرلینڈ میں تحفظ کے خواہش مند درخواست گزار جو صنف اور عمر کے لحاظ سے درج بالا گروہوں میں آتے ہیں، وہ بھی لارا برینن HPV کیچ اپ ویکسینیشن پروگرام کے تحت کیچ اپ HPV ویکسینیشن کے اہل ہیں، بشرطیکہ انہوں نے پہلے HPV ویکسین نہ لگوائی ہو۔

*اگر آپ کم از کم ایک سال سے آئرلینڈ میں رہ رہے ہیں یا کم از کم ایک سال تک رہنے کا ارادہ رکھتے ہیں تو آپ بالعموم رہائشی ہیں۔ مزید معلومات کے لئے براہ مہربانی https://www.citizensinformation.ie/en/health/health-system/entitlement-to-public-health-services/ پر شہریوں کی معلومات ملاحظہ کریں

HPV ویکسین کے اہل افراد کو درج ذیل کی پیشکش کی جائے گی:
اگر ان کا مدافعتی نظام صحت مند ہو تو **ویکسین کی ایک خوراک** یا
اگر ان کا مدافعتی نظام کمزور ہو تو **ویکسین کی تین خوراکیں)**۔

اگر آپ کی عمر 15 سال یا اس سے کم ہے تو ضروری ہے کہ والدین اور سرپرست یہ معلومات پڑھیں اور اجازت دے کر ظاہر کریں کہ وہ اپنے بچے کو ویکسین لگوانے سے متفق ہیں۔

16 سال یا زائد عمر کے افراد اپنی طرف سے اجازت دے سکتے ہیں۔ اگر آپ کی عمر 16 تا 24 سال کم ہے تو ضروری ہے کہ آپ یہ معلومات پڑھیں اور اجازت دے کر ظاہر کریں کہ آپ یہ ویکسین لگوانے سے متفق ہیں۔

یہ کتابچہ آپ کو درج ذیل کے بارے میں بتاتا ہے:

- HPV ویکسین - یہ کس چیز سے بچاتی ہے اور کتنی خوراکوں کی ضرورت ہے
- ویکسینیشن ٹیموں کے وزٹ
- عمومی سوالات
- آپ کو مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں
- اجازت

اگر اس کتابچے کے کسی حصے کے بارے میں آپ کا کوئی سوال ہے تو براہ مہربانی ویکسینیشن ٹیم کے کسی رکن سے رابطہ کریں۔ آپ www.hpv.ie پر رابطے کی تفصیلات دیکھ سکتے ہیں

### HPV ویکسین

**ویکسین ایک مادہ ہے جو کسی مخصوص مرض کے خلاف مدافعت (تحفظ) میں اضافہ کرتا ہے۔**
**HPV ویکسین HPV وائرس سے بچاتی ہے جو کینسر پیدا کر سکتا ہے۔**

### ویکسین لگوانا

HSE کی حفاظتی ٹیکوں کی ٹیمیں اسکول میں یا حفاظتی ٹیکوں کے کلینک میں HPV ویکسین لگائیں گی۔ اکثر لوگوں کو تحفظ کے لئے HPV ویکسین کی صرف 1 خوراک کی ضرورت ہو گی۔ جن لوگوں کا مدافعتی نظام کمزور ہے، ان کے لئے HPV ویکسین کی 3 خوراکوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

- خوراک 1
- 2 مہینے بعد خوراک 2 دی جاتی ہے
- تقریباً 6 مہینے بعد خوراک 3 دی جاتی ہے (یعنی خوراک 2 کے 4 ماہ بعد)

اگر آپ نے اسکول مکمل کر لیا ہے تو آپ کو HSE کلینک پر ویکسین لگوانے کی دعوت دی جائے گی۔ ویکسین بازو میں لگائی جاتی ہے۔

## HPV ویکسین - مزید معلومات

### HPV کیا ہے؟

HPV "ہیومن پاپیلوماوائرس' کا مخفف ہے، جو کہ 100 سے زائد وائرسز کا گروہ ہے۔ HPV وائرس بہت عام ہے؛ زیادہ تر لوگوں اپنی زندگی میں HPV کی کسی قسم سے متاثر ہوتے ہیں۔ اگر آپ کسی ایسے شخص کے ساتھ جنسی عمل کریں جسے پہلے سے HPV وائرس لگا ہو تو آپ کو بھی یہ وائرس لگ سکتا ہے۔ اکثر HPV انفیکشنز خود ہی ٹھیک ہو جاتے ہیں اور علاج کی ضرورت نہیں ہوتی۔ تاہم کچھ لوگوں میں HPV انفیکشن باقی رہ کر کینسر پیدا کر سکتا ہے۔ HPV جینیاتی مسے/دانے بھی پیدا کرتا ہے۔

HPV ویکسین سرویکل کینسر اور دیگر کینسرز سے بچاتی ہے۔
HPV ویکسین کو گارڈاسل 9 کہا جاتا ہے۔

### HPV ویکسین لڑکوں اور لڑکیوں دونوں کو کیوں دی جاتی ہے؟

2010 سے سال اول کی لڑکیوں کو HPV ویکسین پیش کی رہی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ HPV وائرس سے پیدا ہونے والا عام ترین کینسر سرویکل کینسر ہے، یعنی رحم کی نالی کا کینسر۔ تاہم HPV وائرس دیگر کینسر اور کیفیات بھی پیدا کر سکتا ہے جو لڑکوں اور مردوں پر اثر انداز ہو سکتی ہیں اور ستمبر 2019 سے لڑکوں کو بھی HPV ویکسین پیش کی جا رہی ہے۔

جب HPV انفیکشن خود ٹھیک نہیں ہوتے تو ان کے باعث چند اقسام کے کینسر پیدا ہو سکتے ہیں۔ مردوں کے لئے ان میں درج ذیل شامل ہیں:

- منہ اور گلے کا کینسر
- عضو تناسل کا کینسر
- مقعد کا کینسر

کتنے زیادہ نوجوان افراد کو ویکسین لگائی جاتی ہے - لڑکے اور لڑکیاں دونوں - انفیکشن کے پھیلاؤ پر اتنی اچھی طرح قابو پایا جا سکتا ہے۔

### کون سے ممالک HPV ویکسین فراہم کرتے ہیں؟

اب 140 ممالک اور علاقوں میں ان کے حفاظتی ٹیکوں کے قومی شیڈول کے حصے کے طور پر HPV ویکسین پروگرام پیش کیا جاتا ہے، جبکہ ان ممالک میں سے 50 سے زائد لڑکوں اور لڑکیوں دونوں کو یہ ویکسین لگا رہے ہیں۔ ان ممالک میں شامل ہیں:

- آسٹریلیا
- نیوزی لینڈ
- ناروے
- یوکے
- یو ایس

www.hpv.ie پر ان پروگرامز کی کامیابی کے بارے میں مزید معلومات دستیاب ہیں

### HPV کیچ اپ ویکسینیشن لڑکوں، لڑکیوں، 22 سال تک کی عمر کے مردوں اور 25 سال تک کی عمر کی خواتین کو پیش کی جا رہی ہے۔

### کینسر سے بچاؤ کے لئے 140 سے زائد ممالک میں HPV ویکسین دی جاتی ہے۔

### HPV کون سے کینسر پیدا کر سکتا ہے؟

HPV مردوں اور خواتین دونوں میں کئی اقسام کے کینسر سے پہلے کے زخم - غیر معمولی خلیے - پیدا کر سکتا ہے۔ تقریباً ہر 10 میں سے 10 سرویکل کینسر HPV سے پیدا ہوتے ہیں۔
HPV کی زیادہ خطرے والی اقسام تقریباً درج ذیل بھی پیدا کرتی ہیں:

- ولوا (اندام نہانی کا بیرونی حصہ) کے 10 میں سے 5 کینسر
- منہ اور گلے کے 10 میں سے 6 کینسر

- وجائنا کے 10 میں سے تقریباً 7 کینسر
- مقعد کے 10 میں سے 9 کینسر
- مردانہ عضو تناسل کے 10 میں سے تقریباً 4 کینسر

### آئرلینڈ میں 550,000 سے زائد طلبہ اور دنیا بھر میں 100 ملین سے زائد لوگوں نے *HPV* ویکسین لگوائی ہے۔

### *HPV* دنیا بھر میں ہر 20 میں سے 1 کینسر کا باعث بنتا ہے۔

### *HPV* ویکسین کی کتنی خوراکوں کی ضرورت ہے؟

قومی حفاظتی ٹیکوں کی مشاورتی کمیٹی (NIAC) نے HPV ویکسین کی ضروری خوراکوں کی تعداد کے بارے میں تازہ مشورہ جاری کیا ہے۔
NIAC کی تجویز اب درج ذیل ہے:

- **9 تا 24 سالہ افراد کے لئے HPV ویکسین** کی ایک خوراک
- **25 سال سے زائد عمر کے افراد کے لئے HPV ویکسین** کی دو خوراکیں
- **جن لوگوں کا مدافعتی نظام** کمزور ہے، ان کے لئے **HPV ویکسین** کی 3 خوراکیں

سیکنڈری اسکول کا سال اول (یا اس کے بعد جلد از جلد) ویکسین لگوانے کا بہترین وقت ہے کیوں کہ اس وقت دیے جانے پر یہ مؤثر ترین ہوتی ہے۔

## عمومی سوالات

### کیا سیکنڈری اسکول میں سال اول کے طلبہ بعد میں اس کیچ اپ ویکسینیشن پروگرام کے حصے کے طور پر *HPV* ویکسین لگوانے کا انتظار کرنے کا فیصلہ کر سکتے ہیں؟

جو طلبہ ابھی سیکنڈری اسکول کے سال اول میں ہیں، انہیں اسکول کے معمول کے حفاظتی ٹیکوں کے پروگرام کے حصے کے طور پر اس سال HPV ویکسینیشن پیش کی گئی ہے۔
ان طلبہ کو بعد میں کیچ اپ HPV ویکسینیشن پیش نہیں کی جائے گی۔
اگر آپ اپنے بچے کو ویکسین لگوانے کے لئے اس کے بڑے ہونے کا انتظار کریں تو آپ کو اپنے جی پی (فیملی ڈاکٹر) کے ذریعے بچے کو ویکسین لگوانی ہو گی اور ویکسین کی قیمت اور ویکسین لگانے کی فیس ادا کرنی ہو گی۔
لارا برینن HPV کیچ اپ ویکسینیشن پروگرام ایک یک وقتی موقع ہے، جو ایک مخصوص عمر تک کے ان خواتین و حضرات کے لئے ہے جنھوں نے پہلے HPV ویکسین نہیں لگوائی تاکہ وہ اب لگوا لیں۔

### کیا اس پیشکش کی کوئی آخری تاریخ ہے؟

جی ہاں۔ یہ پیشکش صرف 2023 کے اختتام تک دستیاب ہو گی۔

### کیا ماضی میں HPV2 (Cervarix) یا HPV4 (Gardasil 4) ویکسین لگوانے والے افراد اب اس کیچ اپ پروگرام میں پیش کردہ HPV9 ویکسین لگوا سکتے ہیں؟

جی نہیں، اگر آپ نے ماضی میں HPV2 یا HPV4 ویکسینیشن کورس کیا ہے تو آپ کو اب دوبارہ HPV9 ویکسین لگوانے کی ضرورت نہیں۔

### کیا مجھے دی گئی ویکسینز کا ریکارڈ ملے گا؟

جی ہاں۔ ویکسینیشن کے دن اسکول ویکسینیشن ٹیم مامونیت کے پاسپورٹ اپ ڈیٹ کرے گی۔ اگر آپ کے پاس مامونیت کا پاسپورٹ نہیں ہے تو ویکسینیشن کے بعد ویکسینیشن ٹیم کا ایک رکن آپ کو یہ پاسپورٹ دے گا۔

### طلبہ/میں ویکسینیشن کا دن کے دن کی تیاری کیسے کر سکتے ہیں؟

ویکسینیشن کے دن طلبہ کو درج ذیل کام کرنے چاہئیں:

- ناشتہ کریں
- ڈھیلی اور چھوٹی آستینوں کی قمیض پہنیں

### ہمیں کیسے معلوم ہو گا کہ ویکسینز محفوظ ہیں؟

تمام ویکسینز محفوظ ہیں اور ثابت ہوا ہے کہ یہ جان بچاتی ہیں اور سنگین امراض سے تحفظ دیتی ہیں۔ درج ذیل سمیت بین الاقوامی ادارے باقاعدگی سے ویکسینز کی نگرانی کرتے ہیں اور جائزہ لیتے ہیں:

- عالمی ادارہ صحت
- یورپی ادویات کی ایجنسی
- امریکہ میں مراکز برائے امراض پر قابو اور انسداد

تمام بین الاقوامی اداروں نے مسلسل اطلاع دی ہے کہ آئرلینڈ میں استعمال ہونے والی ویکسینز محفوظ ہیں اور ان کے کوئی معلوم طویل مدتی ضمنی اثرات نہیں ہیں۔

## کیا *HPV* ویکسین کے قلیل مدتی ضمنی اثرات ہوتے ہیں؟

اکثر افراد کو HPV ویکسین کے بعد کوئی مسائل نہیں ہوئے۔ کچھ کو بازو میں ٹیکہ لگانے کی جگہ پر درد، سوجن یا سرخی ہو سکتی ہے۔ کچھ کو سر درد ہو سکتا ہے، پیٹ خراب ہو سکتا ہے یا درجۂ حرارت ذرا بڑھ سکتا ہے۔ عام طور پر یہ ایک دو دن میں ٹھیک ہو جاتا ہے۔

## کیا HPV ویکسین کے طویل مدتی ضمنی اثرات ہوتے ہیں؟

ریکارڈ میں HPV ویکسین کے کوئی طویل مدتی ضمنی اثرات نہیں ہیں۔

## اگر لوگوں نے ویکسین لگوائی ہو تو کیا پھر بھی انہیں سرویکل معائنہ کروانے کی ضرورت ہو گی؟

جی ہاں۔ اگرچہ HPV ویکسین زیادہ تر سرویکل کینسرز سے بچاتی ہے، یہ تمام سرویکل کینسرز سے نہیں بچاتی۔ تو خواتین اور سرویکس کے حامل افراد کے لئے پھر بھی ضروری ہے کہ وہ ہر مرتبہ دعوت دیے جانے پر HPV سرویکل معائنہ کروانے جائیں۔ 25 تا 65 سالہ افراد کے لئے HPV سرویکل معائنہ مفت ہے۔ آپ ذیل پر مزید پڑھ سکتے ہیں hse.ie/cervicalcheck

## HSE کلینک سے ویکسین لگوانے کی صورت میں مجھے کیا کچھ سال لانے کی ضرورت ہو گی؟

اگر آپ ویکسینیشن کلینک سے ویکسین لگوا رہے ہیں تو آپ کو ایسی شناختی دستاویز ساتھ لانی ہو گی جو آپ کی تاریخ پیدائش اور آپ کی تصویر ظاہر کرے۔ اس میں آپ کا پاسپورٹ یا ڈرائیونگ لائسنس شامل ہو سکتا ہے۔

## آپ کو مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو براہ مہربانی اپنی HSE ویکسینیشن ٹیم کے کسی رکن، اپنی صحت عامہ کی نرس یا اپنے جی پی (فیملی ڈاکٹر) سے بات کریں۔
ویکسینز کے متعلق ویڈیوز اور فیکٹ شیٹس کے لئے آپ www.hpv.ie اور www.immunisation.ie بھی ملاحظہ کر سکتے ہیں۔
آپ www.hpra.ie پر ویکسین کے لئے مریضوں کے معلوماتی کتابچوں کے لنک بھی دیکھ سکتے ہیں۔ متعلقہ مریضوں کا معلوماتی کتابچہ پڑھنے کے لئے Gardasil 9 (HPV) سرچ کریں۔